سوال

(39) مساجد میں قرآن مجید ختم ہوتا ہے۔ تو مٹھائی وغیرہ تقسیم کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ماہ رمضان المبارک میں جب مساجد میں قرآن مجید ختم ہوتا ہے۔ تو مٹھائی وغیرہ تقسیم کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ شرعاً اس کا کیا حکم ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب سورۃ بقرہ ختم کی تو دس اونٹ ذبح کئے اس سے معلوم ہوا کہ کسی دینی کتاب کے ختم ہونے پر اگر کوئی ایسی خوشی کی جائے تو حرج نہیں۔ لیکن اس کا التزام کرنا اور اس کو ضروری سمجھنا جیسے آجکل ہوتا ہے۔ یہ طریقہ مناسب نہیں کیونکہ سلف میں اس قسم کے التزام کا ثبوت نہیں۔

(مولانا حافظ عبد اللہ روپڑی) (تنظیم اہل حدیث جلد 18 ش 32)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 12 ص 128

محدث فتویٰ